
# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 3 کے لئے



# ٹیچر کیلئے ہدایت

- کہانی اور اس سے متعلق سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے کہانی اور تصویر دونوں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلا س میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کروائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں ضرور رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کروائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے، اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# سیشن 1

10 منٹ • بچوں سے کہیں کہ کتاب نکالیں لیکن کتاب نہ کھولیں۔ کتاب کا ٹائٹل پڑھ کر سنائیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ اس کتاب میں کیا خاص ہے۔ بچوں کو جواب دینے کا موقع دیں۔ بچوں کو بتائیں کہ یہ پہلی کتاب ہے جو لودھراں کے بارے میں ہے۔

20 منٹ • ٹیچر بورڈ پر پاکستان کا نقشہ بنائیں جس میں چاروں صوبے واضح ہوں۔ بچوں سے پوچھیں کہ لودھراں پاکستان میں کس جگہ ہے۔ باری باری بچوں کو بلا کر ان سے کہیں کہ نقشے پر لودھراں کو نقطے کی مدد سے دکھائیں۔




5 منٹ • ٹیچر کہانی پڑھ کر سنائیں۔

- پڑھائی کے بعد بچوں سے پوچھیں کہ لودھراں کن چیزوں کے لئے مشہور ہے۔ بچوں کو جواب دینے کا موقع دیں۔ انہیں بتائیں یہاں کے آم اور کپاس ملک بھر میں مشہور ہیں۔

## گھر کا کام

10 منٹ • اپنے گھر کے ارد گرد کے ماحول کو غور سے دیکھیں اور جو کچھ نظر آئے اس کی تصویریں بنائیں۔ یا گھر کے کسی کمرے کی کھڑکی سے باہر دیکھیں اور اس منظر کی تصویر بنائیں۔

# سیشن 2

**20 منٹ**

- 8 - 6 بچوں سے کتاب کی پڑھوائی کروائیں۔ مشکل الفاظ پڑھنے میں ان کی مدد کریں۔ پڑھائی کے بعد بچوں سے پوچھیں۔

- صبا کو بکریاں اور دوسرے جانور پالنے کا کیوں شوق تھا۔
- صبا کو اسکول میں کیوں مزہ نہیں آتا تھا۔
- صبا کلاس سے بھاگ کر اپنی بکریوں کے پاس کیوں جاتی تھی۔
- صبا نے اپنی بکریوں کے نام کھٹی، میٹھی، سوکھی اور کڑوی کیوں رکھے تھے۔

- بچوں کو اپنی رائے کے اظہار کا موقع دیں۔

**15 منٹ**

- بچوں سے پوچھیں کہ کن بچوں نے مرغی، بلی یا کوئی اور جانور پالا ہوا ہے۔ جو بچے ہاتھ اٹھائیں ان سے ان کے پالتو جانوروں کے نام پوچھیں۔ بچے اپنے پالتو جانور کے بارے میں بتائیں کہ وہ اس کی دیکھ بھال کس طرح کرتے ہیں۔ کیا کھانے کو دیتے ہیں۔ کہاں رکھتے ہیں۔

- بورڈ پر دو کولم بنائیں۔ ایک میں جنگلی جانور اور دوسرے میں پالتو جانور لکھیں۔ بچوں کی مدد سے دونوں کولم میں جانوروں کی فہرست بنائیں۔ بچے یہ فہرست اپنی کوپی میں لکھیں۔ مثلاً

| پالتو جانور | جنگلی جانور |
|---|---|
| کتا | شیر |
| بلی | ہاتھی |
| مرغی | چیتا |
| بکری | زرافہ |
| کبوتر | چیل |

**10 منٹ**

- بچے گھر سے جو تصویر بنا کر لائیں ہیں انہیں کلاس میں ڈسپلے کریں۔

# سیشن 3

20 منٹ • آج بچوں سے واحد جمع اور مذکر مونث پر کام کروائیں۔ بورڈ پر واحد الفاظ لکھیں بچوں کی مدد سے ان الفاظ کی جمع لکھیں۔ بچے یہ فہرست اپنی کوپی میں اتاریں۔

| واحد | جمع |
|---|---|
| بکری | بکریاں |
| پٹی | پٹیاں |
| کہانی | کہانیاں |
| پودا | پودے |
| باغ | باغات |

| واحد | جمع |
|---|---|
| بھینس | بھینسیں |
| مرغی | مرغیاں |
| بلی | بلیاں |
| پتہ | پتے |
| بہن | بہنیں |

20 منٹ • مذکر اور مونث پر بھی اسی طرح کام کروائیں۔

| مذکر | مونث |
|---|---|
| بکرا | بکری |
| لڑکا | لڑکی |
| ابو | امی |
| مرغا | مرغی |

| مذکر | مونث |
|---|---|
| ٹیچر | ٹیچر |
| بلا | بلی |
| دادا | دادی |
| بھائی | بہن |

## گھر کا کام

5 منٹ • واحد جمع کے الفاظ سے املا کی تیاری کریں۔

# سیشن 4

**10 منٹ** • بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپیاں نکالیں۔

- واحد جمع کی فہرست سے 10 الفاظ کا املا کروائیں۔

**15 منٹ** • املا کی اصلاح کروائیں۔

- بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
- جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
- بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
- بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کر کے نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**20 منٹ** • پچھلے سیشن میں لکھوائی گئی مذکر مونث کی فہرست میں سے کسی 10 الفاظ کے جملے بنائیں۔

# سیشن 5

10 منٹ • بچوں سے پوچھیں کہ کن بچوں کے گھر میں کوئی پالتو جانور ہے۔ اگر کسی کے پاس نہیں ہے تو کیا وہ اپنے والدین سے پوچھ کر کوئی جانور پالنا چاہیں گے۔ اور کیوں۔

15 منٹ • اس کے بعد بچوں سے کہیں کہ کیا آج وہ یہ جاننا چاہیں گے کہ جانور کیا کھاتے ہیں۔ جانوروں کے نام بورڈ پر لکھیں، ساتھ ساتھ بچے یہ نام اپنی کوپی میں لکھتے جائیں۔ پھر بچوں کی مدد سے بورڈ پر لکھیں کہ یہ جانور کیا کھاتے ہیں۔ بچے یہ فہرست اپنے کوپی میں اتاریں۔

**بلی** دودھ، مچھلی، چھیچھڑا، چوہا، چڑیا
**بکری** گھاس، پتے اور سبزیاں
**کتا** گوشت، ہڈی
**پرندہ** دانے اور چھوٹے کیڑے مکوڑے
**گھوڑا** گھاس
**ہاتھی** کیلے کے درخت کا تنا
**خرگوش** گاجر، شلجم، ساگ

10 منٹ • بچوں کو اردو کے مندرجہ ذیل 20 الفاظ دیں (ٹیچر اپنی مرضی سے بھی الفاظ دے سکتی ہیں۔) بچوں کی مدد سے ان الفاظ کا ترجمہ انگریزی میں کریں۔ اگر وقت بچ جائے تو بچوں سے کہیں کہ وہ انگریزی الفاظ کے زبانی جملے بتائیں۔

| اردو | English |
|---|---|
| بکری | goat |
| میٹھی | sweet |
| نام | name |
| پتا | address |
| آم | mango |

| اردو | English |
|---|---|
| پودا | plant |
| کھیرا | cucumber |
| گاؤں | village |
| گھر | home |
| مرغی | chicken |

10 منٹ • کہانی پڑھیں اور صبا کے گھر میں رہنے والوں کے نام اور تعداد لکھیں۔

# سیشن 6

45 منٹ
- آج سب بچے مل کر کسی جانور پر نظم لکھیں۔ ٹیچر پہلا شعر لکھیں اور باقی نظم کلاس کے بچوں کے ساتھ مل کر مکمل کریں۔ مثلاً

**ہم نے ایک خوبصورت بلی پالی**
**نرم اور ملائم نیلی نیلی آنکھوں والی**

ہر بچے کو موقع دیں کہ وہ اس نظم کا ایک شعر ضرور بنائے۔ ٹیچر ان اشعار کو درست کر کے بورڈ پر لکھتی جائیں۔ نظم جب پوری ہو جائے تو بچے اسے اپنی کوپی میں اتار لیں۔ (اس نظم کی دھن ترتیب دے کر گانے کی شکل دیں۔ اگر اسکول میں music ٹیچر ہوں تو ان سے درخواست کریں کہ جب گائیں تو وہ ہارمونیم یا طبلے پر بچوں کا ساتھ دیں۔ موسیقی کی وجہ سے بچوں میں اردو زبان بولنے اور پڑھنے کا شوق پیدا ہو گا۔ یا نیچے دی گئی نظم بورڈ پر لکھیں اور music ٹیچر کو بلا کر نظم کو گانے کی شکل دیں اور بچوں کو یاد کروائیں۔

صبا کی بکریاں کھٹی میٹھی کھٹی میٹھی
صبا کی بکریاں سوکھی کڑوی سوکھی کڑوی

لیموں کھائے کھٹی بکری کھٹی بکری
آم کھائے میٹھی بکری میٹھی بکری

پیڑ پودے کھائے سوکھی بکری سوکھی بکری
صبا کھلائے پتے بھوکی بکری بھوکی بکری

صبا کی بکریاں کھٹی میٹھی کھٹی میٹھی
صبا کی ٹیچر سکھائے گنتی

صبا کی سمجھ نہ آئے گنتی
کھائے آم گنے آم سیکھے گنتی

دیکھے پیڑ گنے پیڑ سیکھے گنتی
صبا کی بکریاں کھٹی میٹھی

تحریر

عامرہ اقبال، زین العارفین، حمیرہ نور، شاہدہ بتول،
تہمینہ فاطمہ، زیب النساء، کلثوم ناز، ساجدہ عطاء،
سلمیٰ شہزادی، رقیہ آصفہ، روبینہ ناصر، ناہید اختر،
عابدہ رشید، رخسانہ پروین، شفقت حسین، محمد صفدر،

ٹیچرز گائیڈ ڈویلپمنٹ کمیٹی

کاشفہ صمد
جیکلین مرزا
رضوانہ رحمٰن
دانش مصطفے

Bookgroup جملہ حقوق
J.T.S. Printer پرنٹر
October 2011

# لودھراں کی کھٹی میٹھی بکریاں

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Rs 75